قائد کے لشکر کا ایک جانثار سپاہی

شمشیر اعلیٰ حضرت

تصنیف

حافظ محمد بلال رضا قادری

شہزادہ محمد عباس قادری شہید رحمۃ اللہ علیہ

والضحیٰ پبلی کیشنز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمانِ باری تعالیٰ

درود و سلام پڑھنے سے اللہ عزوجل کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

فرمانِ حبیبِ رب العالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ

وہ شخص بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے۔ اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے

قائد کے لشکر کا ایک جانثار سپاہی

شمشیرِ اعلیٰ حضرت

تصنیف

حافظ محمد بلال رضا قادری

شہزادہ محمد عباس قادری شہید رحمۃ اللہ علیہ

والضحیٰ پبلی کیشنز

داتا دربار مارکیٹ لاہور۔ پاکستان

0300-7259263,0315-4959263

کتاب: شمشیرِ اعلیٰ حضرت
مصنف: محمد بلال رضا قادری مدظلہ العالی
باہتمام: محمد زاہد قادری
سرورق: اے، ڈی گرافکس
ناشر: **والضحیٰ پبلی کیشنز** اردو بازار لاہور
لیگل ایڈوائزر: محمد صدیق الحسنات ڈوگر؛ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور
عابد نعیم قریشی؛ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور
کمپوزنگ: ایمان گرافکس
تاریخ اشاعت: ربیع الاول 1435ھ/ جنوری 2014ء
تعداد: 2200
قیمت:

ملنے کے پتے

مکتبہ فیضانِ مدینہ؛ مدینہ ٹاؤن، فیصل آباد 0312-6561574، 0346-6021452

مکتبہ نوریہ رضویہ پبلی کیشنز؛ فیصل آباد، لاہور
مکتبہ فیضان مدینہ بھکر۔ اوکاڑہ۔ لالہ موسیٰ۔ جہلم
مکتبہ غوثیہ کراچی، گوجرانوالہ
اسلامک بک کارپوریشن؛ راول پنڈی
مکتبہ قادریہ؛ لاہور، گجرات، کراچی، گوجراں والا
مکتبہ امام احمد رضا؛ لاہور، راول پنڈی
ہجویری بک شاپ؛ گنج بخش روڈ، لاہور
احمد بک کارپوریشن؛ راول پنڈی
نظامیہ کتاب گھر، اردو بازار لاہور
مکتبہ فیضان سنت، ملتان

دار الاسلام؛ داتا دربار مارکیٹ، لاہور
انوار الاسلام؛ چشتیاں، بہاول نگر
رضا بک شاپ؛ گجرات
مکتبہ شمس وقمر؛ بھاٹی چوک، لاہور
مکتبہ اہل سنت؛ فیصل آباد، لاہور
سیالوی پبلی کیشنز؛ اردو بازار لاہور
ضیاء القرآن پبلی کیشنز؛ لاہور، کراچی
مکتبہ برکات المدینہ؛ کراچی
علامہ فضل حق پبلی کیشنز؛ لاہور
زاویہ پبلشرز، دربار مارکیٹ لاہور

انتساب

ان شہداء کے نام جنہوں نے میرے والد محترم
سربراہ سنی تحریک، مجاہد اہلِ سنّت
محمد عباس قادری شہید رحمۃ اللہ علیہ
کے ساتھ میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مناتے ہوئے
جام شہادت
نوش کیا۔

محمد بلال عباس قادری
(بن محمد عباس قادری شہید)

سے گزر گیا ہے۔وزیر داخلہ اسلام آباد بیٹھ کر بیان دینے کے بجائے خود کراچی آ کر معاملات کو دیکھیں۔معزز صحافی حضرات!۔28 مئی کا الٹی میٹم ایک طوفان کی جانب بڑھ رہا ہے۔ہمارے کارکنان تیار ہیں اور مرکز کے دیئے گئے ٹارگٹ پر عمل کرنے کے لیے بے تاب ہیں حکومت اس سانحہ کے ملزمان اور ان کے سرپرستوں کو فی الفور گرفتار کرے اور اہل سنت کے ہیرو سنی تحریک کے سربراہ محمد سلیم قادری رحمۃ اللہ علیہ کے قاتلوں اور ان کے رفقاء کے قاتلوں کو حکم دینے والوں کے خلاف معروف ''قصوری قتل کیس'' میں پاکستان کے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو جو پھانسی دی گئی۔اس میں بھٹو نے خود براہ راست قتل نہیں کیا تھا بلکہ قتل کروایا تھا بالکل اسی طرح سپاہ صحابہ کی مرکزی قیادت و دیگر کو بالکل اسی طرح قائد سنی تحریک محمد سلیم قادری اور ان کے ساتھ شہید ہونے والوں کے کیس میں انہیں گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

اس موقع پر تحریک کے مرکزی رہنما افتخار احمد بھٹی، اکرم قادری، عبدالعزیز چشتی بھی موجود تھے۔اس موقع پر مولانا عباس قادری نے اعلان کیا سنی تحریک کی جانب سے ملک بھر کی تمام مساجد میں 25 مئی بروز جمعۃ المبارک یوم مذمت احتجاج کے طور پر منایا جائے گا۔علماء، خطباء اور مقررین قائد سنی تحریک محمد سلیم قادری اور دیگر 4 ساتھیوں کی شہادت پر مخالفین اہل سنت اور حکومت کے غیر سنجیدہ رویہ کے خلاف رائے عامہ کی راہ ہموار کریں۔

تمام صحافیوں کی آمد کا شکریہ

فقط

محمد عباس قادری

سلیم قادری زندہ ہیں نئے قائد کی ضرورت نہیں (عباس قادری)

سنی تحریک میں اجتماعی قیادت کا تصور ہے سلیم قادری تحریک کے قائد تھے اس کے علاوہ کسی کے پاس کوئی عہدہ نہیں مرکزی کابینہ کے ارکان مرکزی رہنما کہلاتے ہیں اور مقامی تنظیموں کو چلانے والے مقامی رہنما کہلاتے ہیں سلیم قادری مرحوم کا موقف تھا کہ عہدوں کی تقسیم تنظیموں میں نفرت اور تفریق کا باعث بنتی ہے مرکزی قیادت اس وقت چار افرد پر مشتمل ہے اجتماعی قیادت میں دیگر ارکان بھی شامل ہیں جو مرکزی کابینہ کے ارکان بھی ہیں تمام فیصلے کثرت رائے اور اتفاق رائے کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں مولانا سلیم قادری مرحوم کے بعد سنی تحریک کی قیادت کون کرے گا اہم سوال کا جواب بہت اہم ہے مولانا عباس قادری سے پوچھا گیا کہ اب سنی تحریک کا قائد کون ہو گا تو انہوں نے برجستہ جواب دیا کہ...... ہماری قیادت تبدیل کب ہوئی...... سلیم قادری ہمارے قائد ہیں سلیم قادری شہید ہوئے ہیں اور قرآن کا فیصلہ ہے کہ شہید زندہ ہوتے ہیں اس لیے زندہ و جاوید سلیم قادری کی موجودگی میں نیا قائد منتخب کرنے کی کوئی ضرورت نہیں سلیم قادری کے نظریات سنی تحریک کی بنیاد ہیں اور سنی تحریک ایک زندہ، متحرک اور فعال تنظیم ہے اس لیے زندہ تنظیم کی زندہ قیادت کی موجودگی میں کسی نئے قائد کی ضرورت نہیں۔

محترم تحریکی ساتھیو!

السلام علیکم!

امید ہے مزاج گرامی بخیر ہونگے اور تحریکی جدوجہد کو اپنا اوڑھنا بچھونا بناتے ہوئے قائد سنی تحریک امیر شہدائے اہل سنت کے عظیم مشن کو جاری رکھتے ہوئے مسلک اعلیٰ حضرت کے فروغ کے لئے دن رات عملی جدوجہد مرکز کی دی ہوئی